نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

## وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا ملتان میں مختلف زرعی سرگرمیوں کا جائزہ

**صوبائی وزیر نے کپاس سے متعلقہ جائزہ اجلاس کی صدارت کی، کسان سہولت سینٹر کا افتتاح کیا اور ایگری مالز کی زیرِ تعمیر عمارت کا جائزہ لیا**

**رواں سیزن 33 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت مکمل ہو چکی۔وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی**

**لاہور:15 جون 2025:** رواں سیزن 33 لاکھ ایک رقبہ پر کپاس کی کاشت مکمل ہو چکی ہے۔ ملکی تاریخ میں پہلی بار ساڑھے 8 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی اگیتی کاشت کا ہدف حاصل ہوا ہے۔ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس سے متعلقہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں چیئر مین نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس رانا شبیر احمد خان، سابق ایم پی اے رانا اعجاز احمد نون، ڈائریکٹر جنرلز زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، ڈاکٹر عبدالقیوم، ڈاکٹر ساجد الرحمان، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ، خالد محمود کھوکھر سمیت محکمہ انہار کے افسران، کاشتکار تنظیموں کے نمائندگان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

بعد ازاں وزیر زراعت پنجاب نے ملتان میں قائم ماڈل ایگریکلچر مال کا دورہ کیا۔اس دورہ کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، گرین پاکستان انشیٹیو کے نمائندہ آفاق ٹوانہ اور ابوسفیان و دیگر بھی موجود تھے انہوں نے ماڈل ایگریکلچر مال کے کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے ایکسئین بلڈنگ نے صوبائی وزیر کو بتایا کہ 30 جون تک ماڈل ایگری کلچر مال کا تعمیراتی کام مکمل کر لیا جائے گا۔اس موقع پر گرین پاکستان انشیٹیو کے نمائندگان نے صوبائی وزیر کو بتایا کہ 15 اگست تک ماڈل ایگریکلچر مال مکمل فنکشنل کر دیا جائے گا۔سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر کہا کہ کاشتکاروں کو ایک ہی چھت تلے زرعی سہولیات کی فراہمی کے لیے 1 ارب 25 کروڑ روپے سے چار ایگری ماڈل ایگری مالز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ماڈل ایگری مالز ملتان بہاولپور ساہیوال اور سرگودھا میں قائم کیے گئے ہیں۔اس پروگرام کے دوسرے مرحلے کے دوران مزید 10 ماڈل ایگری مالز قائم کیے جائیں گے۔ اپنے دورہ کے دوران وزیر زراعت پنجاب

نے ناگ شاہ چوک ملتان میں قائم کسان سہولت سنٹر کا بھی افتتاح بھی کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کپاس کی کاشت کی تحصیلوں میں 43 کسان سہولت سنٹرز قائم کئے گئے ہیں جہاں کاشتکاروں کو ایک ہی چھت تلے معیاری پیسٹی سائیڈز و سپرے مشینری رعائتی قیمت پر دستیاب ہو گی۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ کسان سہولت سنٹرز پر ریٹ لسٹ آویزاں کی جائے۔کسان سہولت سنٹرز پر خریداری کرنے والے کاشتکاروں کا ڈیٹا روزانہ مرتب کیا جائے۔کسان سہولت سنٹرز کے ذریعے زیادہ سے زیادہ کاشتکاروں کو سہولیات فراہم کی جائیں۔

☆☆☆☆